SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

Mid-Term

Urdu Grade 6

Objectives=10 MCQs(10x1.5=15 Marks) and Subjective:35 Marks, Total=50 Marks , Time = 1 Hour 30 Minutes

School Name: ____________________

Student Name : ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: محاورے کے استعمال والا درست جملہ ہے:

(a) پاکستان کے لیے قائد اعظم نے خوب محنت کی۔ (b) آج آسمان پر چاند خوب چمک رہا تھا۔
(c) علی کا کاروبار ایسا پھیلا گویا آم کے آم گٹھلیوں کے دام (d) پولیس کو دیکھتے ہی چور موقع سے رفو چکر ہو گیا۔

سوال نمبر 2: حرفِ تاکید کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) میں اس کو کھانا ضرور کھلاؤں گا۔ (b) تم کیوں لڑائی جھگڑا کر رہے ہو؟
(c) افسوس! اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ (d) اسلم کے پاس پچاس روپے ہیں۔

سوال نمبر 3: تشبیہ کے استعمال والا درست جملہ ہے:

(a) ماں نے کہا: میرا چاند آ گیا۔ (b) اس کے دانت موتی جیسے ہیں۔
(c) وہ انسان نہیں، فرشتہ ہے۔ (d) میرا دل باغ باغ ہو گیا۔

سوال نمبر 4: مرکب جملے کی مثال ہے:

(a) عائشہ باورچی خانے میں کھانا پکا رہی ہے۔ (b) لڑکا کمرا جماعت میں کتاب پڑھ رہا ہے۔
(c) اُس نے بہت محنت کی مگر ناکام ہو گیا۔ (d) پاکستان نے ایک کرکٹ ورلڈ کپ جیتا۔

سوال نمبر 5: لفظ "سردی" سے متلازم الفاظ کی درست فہرست والا جملہ ہے:

(a) کمبل، ہیٹر، سویٹر (b) سکول، کھلونے، کمبل (c) پارک، ہیٹر، پھول (d) بنک، کتابیں، سویٹر

پیراگراف ہدایات*

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے درست جوابات کی نشان دہی کریں۔

علامہ محمد اقبالؒ ۹ نومبر ۱۸۷۷ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ آپؒ کے والد کا نام شیخ نور محمدؒ تھا۔ آپؒ کو مصور پاکستان بھی کہا جاتا ہے۔ آپؒ نے ابتدائی تعلیم سیالکوٹ اور اعلیٰ تعلیم انگلستان میں حاصل کی۔ آپؒ نے قائد اعظمؒ کے ساتھ مل کر جدوجہد کی۔ آپؒ نے لندن میں ہونے والی گول میز کانفرنس میں شرکت کی۔ وہ اپنی قوم میں مقصدیت، لگن، خودی کی پہچان اور پر سوز انداز فکر جیسی صفات دیکھنا چاہتے تھے۔ ان کا حیات بخش کلام مسلمانوں کے تابناک ماضی، عہد حاضر کی پریشان حالی اور روشن مستقبل کی جھلک لیے ہوئے ہے۔ آپؒ نے برصغیر کے مسلمانوں کو علیحدہ ملک کا تصور پیش کیا۔ آپؒ نے ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو وفات پائی۔ آپؒ کا مزار لاہور میں ہے۔

سوال نمبر 6: علامہ محمد اقبالؒ پیدا ہوئے:

(a) سیالکوٹ (b) لاہور (c) کراچی (d) پشاور

سوال نمبر 7: اس عبارت کا مناسب عنوان ہے:

(a) قائد اعظمؒ (b) علامہ محمد اقبالؒ (c) سرسید احمد خانؒ (d) شیخ نور محمدؒ

سوال نمبر 8: "مصور" کے معنی ہیں:

(a) خالق (b) مخلوق (c) اخلاق (d) تخلیق

سوال نمبر 9: یہ عبارت علامہ محمد اقبالؒ کے بارے میں ہے:

(a) آپ بیتی (b) جگ بیتی (c) سوانح عمری (d) سفرنامہ نگاری

سوال نمبر 10: علامہ محمد اقبالؒ کی پہچان ہے:

(a) شاعر مغرب (b) شاعر مشرق (c) شاعر جنوب (d) شاعر شمال

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 11: درج ذیل اشعار کی تشریح لکھیں۔ (15 نمبر)

ہمیشہ مل کے رہنے کے نتیجے نیک ہوتے ہیں // وہیں کچھ لطف ہوتا ہے جہاں دل ایک ہوتے ہیں
یہی ایکا ایکی تو رستہ کامیابی کا دکھاتا ہے // یہی ایکا تو مشکل میں اپنے کام آتا ہے

سوال نمبر 12: "کمپیوٹر کے فائدے" کے عنوان پر مضمون تحریر کریں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر 13: درج ذیل نظم پارہ کو سنیں اور پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات بتائیں۔ نظم پارہ روبرکس میں شامل ہے (کل نمبر 10)